## سوال

سلسل البول کے مریض کی امامت

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا سلسل البول کے مریض کےلئے نماز کی امامت کروانا جائز ہے ؟ کیا اس کےلئے جرابوں پر مسح کرنا جائز ہے اور وہ مدت مسح کو کس طرح مکمل کرے گا ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سلسل البول کے مریض کےلئے امامت کروانا جائز نہیں خواہ مقتدی بھی اسی کی طرح کے مریض ہوں کیونکہ اس مرض میں طہارت کاملہ مفقود ہوتی ہے سلسل البول کا مریض مسجد میں نماز باجماعت پڑھ سکتا ہے بشرطیکہ یہ اندیشہ نہ ہو کہ وہ مسجد کو ناپاک کردے گا اسے موزوں اور جرابوں پر مسح کرنے کی اجازت ہے !

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**فتاویٰ اسلامیہ**

**ج1ص514**

محدث فتویٰ